https://www.jmi.ac.in

دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

## جامعہ ملیہ اسلامیہ کے پی ایچ ڈی اسکالر منا خالد نے چین کے پیرا بیڈمنٹن انٹرنیشنل دو ہزار چھبیس میں کانسے کا تمغہ حاصل کیا

New Delhi, September 10, 2026

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے پی ایچ ڈی اسکالر (ہندی) منا خالد نے 'چین کے پیرا بیڈمنٹن انٹرنیشنل' دو ہزار چھبیس میں کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔ یہ چمپئن شپ اکتیس اگست سے پانچ ستمبر دو ہزار چھبیس کے درمیان چین کے شہر بیجنگ میں منعقد ہوئی تھی اور بیڈمنٹن ورلڈ فیڈریشن نے اس کا اہتمام کیا تھا۔

مردوں کے ڈبلز زمرے میں، منا خالد اور ان کے ساتھی ششانک کمار کو چین کے خلاف سیمی فائنل میں اکیس۔ بارہ اور اکیس۔ اٹھارہ کے اسکور سے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔

منا اب تک بھارت کے لیے گیارہ بین الاقوامی تمغے جیت چکے ہیں، جن میں دو تمغے طلائی، دو چاندی اور سات کانسے کے تمغے شامل ہیں۔

علاوہ ازیں پیرا بیڈمنٹن میں ان کی کامیابیوں کے اعتراف میں، منا خالد کو نئی دہلی کے بھارت منڈپم میں 'آئی ایم گیم' کی جانب سے 'پیرا ایتھلیٹ آف دی ایئر۔ دو ہزار چھبیس گولڈ ونز' کے اعزاز سے نوازا گیا ہے۔

منا کا خواب ہے کہ وہ آئندہ بین الاقوامی ٹورنامنٹس، ایشین پیرا گیمز دو ہزار چھبیس اور پیرالمپکس دو ہزار اٹھائیس میں ملک، اپنی ریاست اور جامعہ ملیہ اسلامیہ کا نام روشن کریں۔

تعلیم اور کھیل دونوں میدانوں میں یکساں لگن رکھنے والے منا خالد اس وقت جامعہ ملیہ اسلامیہ سے ہندی ادب میں پی ایچ ڈی کر رہے ہیں۔ اس سے قبل، انھوں نے اسی یونیورسٹی سے بی اے (آنرز)، ایم ایس ڈبلیو اور ہندی میں ایم۔ اے کی ڈگریاں حاصل کی ہیں۔

پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے منا خالد کو ان کی شان دار کامیابی پر مبارک باد پیش کی اور مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ٹورنامنٹ میں کامیابی پر منا خالد کی کوششوں کو سراہا اور ان کے آئندہ ٹورنامنٹس کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ میں شعبہ کھیل وکود کے اعزازی ڈائریکٹر پروفیسر نفیس احمد نے بھی اپنے دفتر میں منا خالد کی فتح کو سراہا؛ انھوں نے یونیورسٹی کا نام روشن کرنے پر منا خالد کی لگن اور سخت محنت کی تعریف کی اور مستقبل میں کھیلوں کی سرگرمیوں کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

**پروفیسر صائمہ سعید**
افسر اعلیٰ تعلقات عامہ
جامعہ ملیہ اسلامیہ